imha
independent mental health advocacy

# اپنے حقوق جانیں، اپنی رائے دیں

**ستمبر2023**

Independent Mental Health Advocacy (ذہنی صحت کی آزادانہ وکالت) (IMHA) آپ کو اپنے حقوق جاننے اور اپنی بات کہنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ IMHA ان لوگوں کے لیے ایک مفت اور رازدارانہ وکالت کی خدمت ہے جو:

- لازمی علاج کروا رہے ہیں، یا
- لازمی علاج کروانے کے بارے میں فکر مند ہیں .

IMHA ایک ایسی خدمت ہے جسے Victoria Legal Aid فراہم کرتے ہیں لیکن یہ کوئی قانونی خدمت نہیں ہے ۔ IMHA ذہنی صحت کی خدمات فراہم کرنے والوں سے علیحدہ ایک آزاد ادارہ ہے ۔

## *ہم آپ سے رابطہ کریں گے*

1 ستمبر 2023 سے لاگو، *Mental Health and Wellbeing Act 2022 (ذہنی صحت و فلاح و بہبود ایکٹ 2022) (Vic)* کہتا ہے کہ جب آپ لازمی علاج کروا رہے ہوں گے تو ہمیں اہم معاملات کے بارے میں مطلع کیا جائے گا۔ ان اہم معاملات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، اس دستاویز میں دیئے گئے 'IMHA کو کب مطلع کیا جائے گا؟' حصے کو دیکھیں۔

ہم آپ سے تب تک رابطہ کرتے رہیں گے جب تک کہ آپ ہمیں ایسا کرنے سے روکیں گے نہیں۔ جب ہم آپ سے رابطہ کرتے ہیں، تو ہم وضاحت کریں گے کہ ہم کیا کرتے ہیں، اور آپ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آیا آپ ہماری خدمات چاہتے ہیں۔ ہمیں آپ سے رابطہ نہ کرنے کے بارے میں بتانے کے لیے اس شیٹ کا 'ہمیں بتائیں کہ آپ سے رابطہ نہ کیا جائے' سیکشن دیکھیں۔

## *آپ ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں*

اگر آپ فی الحال لازمی علاج نہیں کروا رہے ہیں لیکن لازمی علاج کروانے کے بارے میں فکر مند ہیں، تو آپ تب بھی IMHA کی خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کو ہم سے براہ راست رابطہ کرنے کی ضرورت ہوگی کیونکہ ہمیں مطلع نہیں کیا جائے گا۔ آپ ہمیں 1300 947 820 پر کال کر سکتے ہیں ، ہماری ویب سائٹ www.imha.vic.gov.au ملاحظہ کر سکتے ہیں، یا imhacontact@imha.vic.gov.au پرای میل بھیج سکتے ہیں۔

عام وجوہات جن کی وجہ سے لوگ لازمی علاج کروانے کے بارے میں فکر مند ہو سکتے ہیں ان میں یہ احساس شامل ہے کہ آپ اپنی علاج کرنے والی ٹیم سے غیرمتفق نہیں ہو سکتے ہیں، یا آپ کی علاج کرنے والی ٹیم نے کہا ہے کہ اگر آپ کچھ نہیں کرتے ہیں تو آپ کا لازمی علاج شروع کروا دیا جائے گا۔

## *IMHA آپ کی مدد کیسے کر سکتے ہیں*

ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں:

- اپنی تشخیص، علاج، دیکھ بھال اور بحالی کے بارے میں معلومات کو سمجھنے میں
- اپنی تشخیص، علاج اور دیکھ بھال کے بارے میں فیصلے کرنے میں
- اپنے حقوق کو سمجھنے اور استعمال کرنے میں
- ترجیحات کا پیشگی بیان تیار کرنے میں
- ایک نامزد معاون شخص کا تقرر کرنے میں
- دوسری نفسیاتی رائے حاصل کرنے میں
- قانونی مشورہ حاصل کرنے میں
- مینٹل ہیلتھ ٹربیونل (Mental Health Tribunal) میں درخواست دینے کے لیے

- دماغی صحت اور بہبود کی خدمت کے نظام کو سمجھنے اور اس تک رسائی حاصل کرنے میں
- اپنی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کی خدمات اور دیگر امور کے بارے میں اپنے فیصلوں، خیالات اور ترجیحات کا اظہار کرنے میں
- شکایت کرنےمیں۔

ہم ایک مترجم کا بندوبست کر سکتے ہیں۔

آپ Translating and Interpreting Service (تحریری و زبانی ترجمے کی سروس) (TIS) کو بھی 131 450 پر کال کر سکتے ہیں اور انہیں ہم سے بات کروانے کی درخواست کرسکتے ہیں۔

IMHA آپ کی رضامندی سے آپ کی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کی خدمت کے پاس آپ کے خیالات کی نمائندگی کر سکتےہیں۔

آپ کا IMHA وکیل:

- آپ کی ہدایت کے مطابق کام کرے گا
- آپ کی مرضی کے بغیر کوئی قدم نہیں اٹھائے گا
- اگر آپ کی عمر کم از کم 16 سال ہے، توآپ کے بہترین مفاد کے بارے میں دیگر افراد کے خیالات سے راہنمائی نہیں لےگا۔ اگر آپ کی عمر 15 سال یا اس سے کم ہے، تو IMHA آپ کے خیالات کو آگے بڑھائے گا اور آپ کے خاندان، دیکھ بھال کرنے والوں ، اور معاونین کے ساتھ مل کر کام کرے گا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے بہترین مفادات محفوظ ہیں۔

## *ہمیں بتائیں کہ آپ سے رابطہ نہ کیا جائے*

آپ کو اپنی شناختی معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہوگی تاکہ ہم یہ یقینی بنا سکیں کہ ہم:

- آپ سے رابطہ کرنے کی کوشش نہ کریں، اور
- آپ کے لازمی علاج کے بارے میں ہمیں موصول کردہ معلومات کو حذف کردیں ۔

جو معلومات آپ ہمیں فراہم کرتے ہیں اسے ہمارا انتظامی عملہ سنبھالے گا۔ آپ https://www.imha.vic.gov.au/how-we-handle-personal-information پر جا کرملاحظہ کر سکتے ہیں کہ ہم ذاتی معلومات کو کیسے ہینڈل کرتے ہیں اور آپ کی رازداری کی حفاظت کیسے کرتے ہیں۔

ہمیں یہ بتانے کے لیے کہ آپ سے رابطہ نہ کیا جائے:

- 03 9093 3701 پر کال کریں
- opt-out form پُر کرنے کے لیے www.imha.vic.gov.au/optout کو ملاحظہ کریں۔
- درج ذیل فارم کو مکمل کریں اور اسے imhaadmin@imha.vic.gov.au پر یا پوسٹ کے ذریعے بھیجیں:

Independent Mental Health Advocacy (دماغی صحت کی آزاد وکالت)

GPO Box 4380

VIC 3001

- درج ذیل میں موجود رضامندی کے بیان اور معلومات کے ساتھ imhaadmin@imha.vic.gov.au پر ہمیں ای میل کریں ۔

آپ عملے کے کسی رکن یا معاون سے فارم جمع کرانے میں اپنی مدد کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

میں، ______________________________ **نہیں** چاہتا/چاہتی ہوں کہ *IMHA* مجھ سے رابطہ کرے اگر میرا لازمی طور پر علاج کروانے کے احکامات جاری کیے گئے ہیں یا کسی دوسرے اہم معاملے کے سلسلے میں ۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ میرے لازمی علاج کے بارے میں مستقبل میں *IMHA* کو موصول کردہ معلومات کو حذف کر دیا جائے گا۔

پیدائش کی تاریخ: ____________________

دستخط شدہ: ____________________

تاریخ: ____________________

ریاست بھرکے لیے یو آر نمبر *(SWURN- State-wide UR Number)* : ____________________

یہ ایک منفرد نمبر ہے جو ان تمام صارفین کو دیا جاتا ہے جو نامزد کردہ سرکاری ذہنی صحت کی خدمات سے استفادہ کرتے ہیں۔ ہم آپ کی درست شناخت کو یقینی بنانے کے لیے اس نمبر کو استعمال کرتے ہیں۔ اگرآپ کو اپنا *SWURN* نمبر *معلوم نہیں ہے، تو آپ اپنی ذہنی صحت و فلاح کی خدمت سے اس کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں ، یا یہ جاننے کے لیے* کہ اس کے بارے میں کس سے پوچھا جائے *IMHA* کو فون کرسکتے ہیں۔

فون نمبر: ____________________

ای میل: ____________________

پتہ: ____________________

مضافات / ٹاؤن: ____________________

پوسٹ کوڈ: ____________________

اپنا لازمی علاج کروانے کے دوران اگر آپ کی رائے بدل جاتی ہے اور آپ IMHA سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں ، تو آپ یہ کر سکتے ہیں:

- 1300 947 820 پر کال کریں
- imhacontact@imha.vic.gov.au پر ای میل کریں
- www.imha.vic.gov.au پر ہماری ویب سائیٹ کو ملاحظہ کریں

## IMHA کو کب مطلع کیا جائے گا؟

IMHA کو مطلع کیا جائے گا اگر:

- آپ کے بارے میں عارضی علاج کے احکامات ، یا علاج کے احکامات جاری کیے گئے ہوں ، بشمول اگر آپ ایک فرانزک یا سیکیورٹی مریض ہیں
- آپ کے بات چیت کرنے کے حق کو محدود کر دیا گیا ہے۔
- آپ کے عارضی علاج کے احکامات ، یا علاج کے احکامات میں کمیونٹی سے داخل مریض یا داخل مریض سے کمیونٹی کے طور پر حیثیت میں تبدیلی کردی گئی ہے۔
- اگر آپ کا عارضی علاج کا حکم، یا علاج کا حکم، واپس لے لیا گیا ہے یا منسوخ کر دیا گیا ہے۔
- اگر Mental Health Tribunal (دماغی صحت کے ٹریبونل) میں آپ کی سماعت کی تاریخ مقرر کردی گئی ہے۔
- اگر کوئی پابندی والی مداخلت استعمال کی جاتی ہے، جیسے کہ اگر آپ کو تنہائی میں رکھا جاتا ہے، یا جسمانی یا کیمیائی طور پر روکا جاتا ہے۔
- اگر آپ کا آرڈر تبدیل ہو جاتا ہے کہ آپ کو کسی اور نامزد ذہنی صحت کی خدمت میں علاج کے لیے منتقل کیا جائے۔

اگر آپ ایک سیکورٹی مریض ہیں، تو IMHA کو بھی مطلع کیا جائے گا اگر:

- آپ کو ایک نامزد ذہنی صحت کی خدمت پر وصول کیا جاتا ہے، یا آپ کو منتقل کیا جاتا ہے۔
- آپ کو واپس جیل بھیج دیا گیا ہے۔

اگر آپ ایک فرانزک مریض ہیں تو IMHA کو بھی مطلع کیا جائے گا اگر:

- آپ کو ایک نامزد ذہنی صحت کی خدمت میں لے جایا جاتا ہے، سوائے اس کے کہ فارنزک لیوپینل

(Forensic Leave Panel) اس منتقلی کی منظوری دے یا بصورت دیگر کسی مجاز ادارے کی طرف سے ہدایت کی گئی ہو۔

- اگر آپ کا ماہر نفسیات یا چیف سائیکاٹرسٹ (Chief psychiatrist) آپ کو کسی اور نامزد ذہنی صحت کی خدمت میں لے جانے کی ہدایت کرتا ہے۔
- Forensicare (Victorian Institute of Forensic Mental Health- وکٹورین انسٹیٹیوٹ برائے ذہنی صحت) مینٹل ہیلتھ ٹربیونل سے ایک شدو مد کیساتھ نگرانی کے حکم کے لیے درخواست دائر کی جاتی ہے ، اگر اور جب یہ حکم دیا جاتا ہے۔
- اگر آپ IMHA کے بارے میں رائے دینا یا شکایت کرنا چاہتے ہیں ، تو براہ کرم ہم سے رابطہ کریں، یا

## IMHA سے رابطہ اور مزید معلومات حاصل کیسے کریں

- ویب سائٹ www.imha.vic.gov.au پر جائیں یا imhacontact@imha.vic.gov.au پر ای میل بھیجیں۔
- IMHA فون لائن 1300 947 820 پر کال کریں ، جہاں IMHA کے وکلاء پر مشتمل عملہ ہفتے کے ساتوں دن صبح 9:30 – شام 4:30 تک موجود ہوتا ہے (سوائے عام تعطیلات کے)۔
- اپنے حقوق کے بارے میں ریکارڈنگ سننے کے لیے IMHA رائٹس لائن کو 1800 959 353 پر کال کریں۔
- دماغی صحت کی خدمات فراہم کرنے والے، دیکھ بھال کرنے والے یا دوسرے معاون شخص سے IMHA سے رابطہ کرنے میں مدد کرنے کو کہیں۔
- اگر آپ IMHA کے بارے میں رائے دینا یا شکایت کرنا چاہتے ہیں ، تو براہ کرم ہم سے رابطہ کریں، یا ہماری ویب سائٹ کے فیڈ بیک سیکشن پر جائیں۔
- 131 450 پر کال کرکے کسی ترجمان تک مفت رسائی حاصل کریں اور پھر انہیں بتائیں کہ وہ ہمیں 1300 947 820 پر کال کریں۔